حصہ "الف" (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ لیاقت علی خان کو کب شہید کیا گیا۔
(الف) 1951ء (ب) 1950ء
(ج) 1948ء (د) 1947ء

۲۔ پاکستان کے پہلے وزیر اعظم کا نام بتایئے۔
(الف) قائد اعظم (ب) ذوالفقار علی بھٹو
(ج) لیاقت علی خان (د) محمد خان جونیجو

۳۔ مرزا غالب کس شہر میں پیدا ہوئے تھے۔
(الف) دلی (ب) الہ آباد
(ج) آگرہ (د) حیدر آباد دکن

۴۔ جس نظم میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی جائے اسے کیا کہتے ہیں۔
(الف) نعت (ب) حمد
(ج) قصیدہ (د) مناجات

۵۔ ابن مریم سے مراد ہے۔
(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت آدم علیہ السلام
(ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

۶۔ لفظ صفہ کے معنی ہیں۔
(الف) حجرہ (ب) صحن (ج) چبوترہ (د) بیٹھک

۷۔ سبق "آتش بازی" کس کی تصنیف ہے۔
(الف) سر سید احمد خان (ب) آغا محمد اشرف
(ج) ڈپٹی نذیر احمد (د) حکیم محمد سعید

۸۔ بہادر یار جنگ کا انتقال کب ہوا۔
(الف) 1950ء (ب) 1947ء (ج) 1944ء (د) 1940ء

۹۔ جمن کے گاؤں کا کیا نام تھا۔
(الف) کریم نگر (ب) شانتی نگر (ج) علی نگر (د) عزت نگر

۱۰۔ جنگ عظیم سے پہلے لیبیا پر کس کی حکومت تھی۔
(الف) شام (ب) مصر (ج) ترکی (د) سعودی عرب

۱۱۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی عمر پائی۔
(الف) 35 سال (ب) 40 سال (ج) 48 سال (د) 51 سال

۱۲۔ نظم "پہاڑ اور گلہری" کے شاعر کا نام لکھئے۔
(الف) حفیظ جالندھری (ب) علامہ اقبال
(ج) مولانا شبلی (د) بہزاد لکھنوی

۱۳۔ رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں۔
(الف) دو (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

۱۴۔ بود و باش کے معنی ہیں۔
(الف) پڑھنا پڑھانا (ب) لڑنا لڑانا (ج) پینا پلانا (د) رہنا سہنا

۱۵۔ خلیفہ عمر بن عبدالعزیزؒ خلیفہ بننے سے پہلے کس شہر کے گورنر رہ چکے تھے۔
(الف) مکہ (ب) مدینہ (ج) ریاض (د) نجران

حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے نو (9) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ اسلام کے معنی کیا ہیں؟
سوال ۳۔ تعصب کے کیا نقصانات ہیں؟
سوال ۴۔ جمن کے گاؤں میں بیماروں کا علاج پہلے کس طرح ہوتا تھا؟
سوال ۵۔ شہید ملت لیاقت علی خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
سوال ۶۔ 10 مئی کی صبح کو جہاز میں کیا واقعہ پیش آیا؟
سوال ۷۔ آبدوز کشتی دشمن کے جہاز پر کس طرح حملہ کرتی ہے؟
سوال ۸۔ انسان کی وہ کیا خوبی ہے جو دوسرے جانداروں میں نہیں؟
سوال ۹۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔
گشت محدود ذخیرہ عدالت
سوال ۱۰۔ شیخ صاحب کو کس بات کا زیادہ شوق تھا؟
سوال ۱۱۔ الفاظ کے املا درست کیجئے۔ تعفہ ناراز زائکہ ہلیہ
سوال ۱۲۔ مندرجہ ذیل اسموں کے مونث یا مذکر لکھئے۔
جنتی بیگم دھوبی استاد
سوال ۱۳۔ نیچے دیئے ہوئے الفاظ کو صحیح ترتیب دے کر جملہ بنائیے۔
بندوں اپنے اللہ کرم کرتا پر ہے۔

حصہ "ج" (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: صرف تین سوالات کے جواب لکھیں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ درج ذیل اقتباس کی تشریح بحوالہ متن لکھیں۔
"او بچی انکل جا، جانتے بوجھتے موت کے منہ میں جا رہی ہے۔ دیکھتی نہیں، گولیوں کی بارش ہو رہی ہے۔"

سوال ۱۵۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔
(۱) پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس
صدیقؓ کیلئے ہے خدا کا رسول بس
(۲) مزاجی ہے جب تک تری جستجو ہے
زباں جب تلک ہے یہی گفتگو ہے

سوال ۱۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔
وطن کی خاک
ایک دلچسپ سفر

سوال ۱۷۔ پتنگ بازی کے نقصانات پر ایک مکالمہ لکھئے۔

سوال ۱۸۔ اتحاد کے فوائد پر مضمون لکھیں۔
یا
اپنے دوست کو ایک خط لکھیں۔ جس میں اپنے شہر یا گاؤں کے متعلق بتائیں۔